© rasailojaraid.com



کو نیا ولولہ اور تازگی مل سکتی ہے۔ کتاب پہلے دو جلدوں میں ندوۃ المصنفین دہلی سے نہایت عمدہ شکل میں چھپی تھی یہ ان دونوں جلدوں کا یکجا کردہ عکسی ایڈیشن ہے اور اگر ندوۃ المصنفین کی اجازت کے بغیر کیا گیا ہے تو یہ مسلمانوں کے عظیم علمی اداروں کے ساتھ صریح زیادتی ہے۔ (عبدالقیوم حقانی)

**النظام العقائدی فی الاسلام (عربی)** تالیف محمد آصف الافغانی۔ صفحات ۱۹۲ قیمت درج نہیں

ناشر:- ادارۃ البحوث والدعوۃ الاسلامیہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ زرگری کوہاٹ

مصنف نے اسلام کے بنیادی عقائد کی دلنشین تشریح کے ساتھ ساتھ اصحاب زیغ و ضلال کے شبہات کے ازالہ کا بھی اہتمام کیا ہے۔ اور وجود باری تعالیٰ پر فلاسفہ فرنگ کے افکار تاریخ اشتراکیت اور اس کے ارتقاء کے بارے میں ابتدائی معلومات ملائکہ و شیاطین میں فرق و وجہ تفریق مباحث اعجاز القرآن و دیگر کتب سماویہ کے متعلق بہترین مواد فراہم کیا ہے۔ مصنف کی محنت قابل داد ہے۔ کتاب کی خوبی یہ ہے کہ سلیس بامحاورہ ادبی اسلوب میں دل و دماغ کے لئے نہایت ہی نشاط انگیز ہے۔ صوری لحاظ سے بھی دیدہ زیب کاغذ اعلیٰ اور کتابت ٹائپ شدہ۔

جامعہ زرگری میں ہمارے حقانی رفقاء مولانا نصیب علی شاہ۔ مولانا انیس الرحمان۔ مولانا حسین احمد و دیگر فضلاء حقانیہ اس علمی تحریری اور اشاعتی سرگرمیوں کے روح و رواں ہیں۔ اس لحاظ سے یہ مساعی دارالعلوم حقانیہ ہی کے لئے سرمایہ افتخار ہیں۔ (م - ا - ف)

**حضرت محمد رسول اللہؐ**۔ مصنف حافظ ارشاد احمد دیوبندی۔ صفحات ۱۳۶۔ قیمت ۱۲ روپے

ناشر: افضل ریسرچ ریسرچ ظاہر پیر۔ ضلع رحیم یار خان۔

آج جب کہ ایک طرف زندگی کے ہر موڑ پر بے اطمینانی و بے چینی، الحاد و دہریت کے مہیب سائے منڈلاتے نظر آتے ہیں تو دوسری جانب فرد سے لے کر معاشرہ تک ہر شخص پر بے اعتمادی و بد اعتقادی کا بھوت سوار ہے۔ ان حالات میں صاحب سیرت کی سیرت کا مطالعہ از حد ضروری ہو گیا ہے۔ تاکہ دولت ایقان و طمانیت کے ساتھ ساتھ پر کیف و سرور آور زندگی سے بہرہ یاب ہوں۔ زیر نظر کتاب، مؤلف نے یہی نکتہ پیش نظر رکھتے ہوئے لکھی ہے۔ جس میں ادبی چاشنی کے ساتھ ساتھ ناصحانہ رنگ نے کتاب کی افادیت میں اضافہ کیا ہے۔

آخری باب علمائے دیوبند بآستانہ رسالت مآب نہایت ہی قابل مطالعہ ہے۔ جس میں مؤلف نے حضرات علمائے دیوبند کا حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ والہانہ عشق و عقیدت کی ایک جھلک دکھائی ہے۔ مجموعی طور سے کتاب معلومات افزاء اور لائق تحسین ہے افادہ عام کی خاطر قیمت میں کمی زیادہ مناسب ہو گی۔ (م - ا - ف)

**ارشاد الطالبین** مصنف:- مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ۔

مترجم۔ مولانا ڈاکٹر غلام محمد صاحب کراچی۔ صفحات ۱۱۷ قیمت ۵۰/۷ روپے

© rasailojaraid.com